پرچہ اردو لازمی، بارہویں کلاس سال 17-2016 و مابعد

کل نمبر 20 وقت 20 منٹ

سوال نمبر 1۔دیئے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجئے

1۔مذہبی لحاظ سے عمر بن عبدالعزیز کو کیا لقب دیا گیا ہے ؟

A) عثمانِ ثانی B) سعدِ ثانی C) طلحہ ثانی D) عمرِ ثانی

2۔شبلی نے لکھنو میں کون سا ادارہ قائم کیا؟

A) دارالعلوم دیوبند B) ندوۃُالعلما C) دارالعلوم لکھنوء D) دارالعلوم ہند

3) سبق"ہوائی" کی صنف کیاہے ؟

A) مضمون B) افسانہ C) انشائیہ D) سفر نامہ

4) جان بیئرڈ کی ایجاد کا نام بتایئے؟

A) ٹیلی فون B) موبائل فون C) ریڈیو D) ٹیلی وژن

5) ایوب عباسی کا جنازہ کس نے پڑھایا؟

A) مولانا قاسم صاحب نے B) مولانا جان محمد صاحب نے C) مولانا ابو بکر صاحب نے D) مولانا عمر صاحب نے

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجئے

6) اس کے ہوش و حواس..............

A) جاتا رہا B) جاتی رہی C) جاتے رہے D) گیا

7) آپ......... مزاج کیسے ہیں؟

A) کا B) کی C) کے D) کو

8) ہم نے ملتان کے آموں کو.........پایا۔

A) میٹھے B) میٹھی C) میٹھا D) کٹھے

9) وہ گھر نہ گیا......... سکول چلا گیا۔

A) اگرچہ B) کیونکہ C) بلکہ D) چنانچہ

10) اگرچہ وہ غریب ہے...........ایماندار ہے۔

A) جبکہ B) تو ہی C) اس لیے D) لیکن

رموز اوقاف

11) وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کیلئے علامت استعمال کی جاتی ہے۔

A) رابطہ کی B) وقفہ کی C) سکتہ کی D) خمتہ کی

12) چیزوں کی تفصیل بتانے سے پہلے علامت استعمال ہو تی ہے۔

A) واوین کی B) قوسین کی C) تفصیلیہ کی D) رابطہ کی

13) آپ کا کیا نام ہے اس جملے کے آخر پہ کون سی علامت لگے گی۔

A) ___ B) ؟ C) ! D) :۔

14) واہ......... کیا اچھا موسم ہے خالی جگہ پر علامت لگائیے۔

A) ! B) ، C) ؛ D) ___

15) سب سے مختصر ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہو تی ہے۔

A) وقفہ B) سکتہ C) واوین D) قوسین

امدادی افعال

16) ڈالنا

A) اسلم نے اکرم کو مار ڈالا B) گلاس میں پانی ڈالو C) اس نے تھیلے میں بلی ڈالی D) جگ میں پانی ڈال دو

17) چکنا

A) اسے چک پڑ گئی B) وہ لاہور کی چکا چوند میں گم ہو گیا C) میں نماز پڑھ چکا ہوں D) دو من وزن چکنا آسان نہیں

18) رکھنا

A) قلم دراز میں رکھا ہے B) کتاب کہاں رکھی ہے C) میں اب تک دو ملازم رکھ چکا ہوں D) بچوں نے شور مچا رکھا ہے

19) پڑنا

A) اسے ایک کام پڑ گیا B) علی گھر میں پڑا ہے C) مجھے لاہور جانا پڑا D) وہ کالج میں پڑتا ہے

20) آنا

A) وہ کالج آیا B) بازار سے سودا لے آئو C) وہ گھر آ گئی D) اسے آنا پڑا

کنو ینئر: پروفیسر فرحت حسین رضوی
پرنسپل گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، جام پور

ماہر مضمون: پروفیسر ڈاکٹر جاوید پتافی
گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، راجن پور

پرچہ اردولازمی، بارہویں کلاس سال 17-2016 و مابعد

حصہ انشائیہ

کل نمبر80 وقت2:40 منٹ

(حصہ اول)

سوال نمبر2۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے

1+1+8=10

بچھا فرشِ زمرد اہتمامِ سبزئہ تر میں ـــ چلی مستانہ وش بادصبا عنبر فشاں ہو کر
عروجِ نشہء نشوونما سے ڈالیاں جھومیں ترانے گائے مرغانِ چمن نے شادماں ہو کر

(ب)درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے شاعر کا نام بھی لکھیئے 1+3+3+3=10

وہی جہاں ہے تیرا جس کو تو کرے پیدا ـــ یہ سنگ و خشت نہیں جو تیری نگاہ میں ہے
مہ و ستارہ سے آگے مقام ہے جس کا ـــ وہ مشت خاک ا بھی آوارگانِ راہ میں ہے
خبر ملی ہے خدایان بحروبر سے مجھے ـــ فرنگ رہ گزر سیلِ بے پناہ میں ہے

(حصہ دوم)

سوال نمبر3۔سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے، سبق کاعنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے 1+1+3+10=15

(الف) علی گڑھ تحریک کی وجہ سے قوم میں کئی اور تحریکات شروع ہو گئیں اختلافات ضرور رونما ہوئے لیکن ایک حد تک یہ نئی زندگی کا نشان تھے سر سید، امیر علی اور دیگر بزرگوں نے اسلام کو مغربی علوم سے اس طرح جا ملایا تھا کہ اسے ایک ترقی یافتہ مذہب ثابت کیا لیکن اس جدید علم الکلام کے رد عمل کے طور پر بعض اور مذہبی مساعی بروئے کار آئیں۔

(ب) سپر مارکیٹ امریکن سرمایہ داری کا مکمل مظاہرہ اور امریکن طرز حیات کا بنیادی قلعہ اور اس کی لا محدود افراط کا ذخار ہے جب سے یہ بروئے زمین بر سر پیکار ہوا۔ ننھی ننھی دکانیں اور چھوٹے چھوٹے بساطی پنساری دیوالیہ ہو گئے یہ سپرمارکیٹ دس بازاروں کا مہاگرو ہے۔ ساری انار کلی اور مال روڈ کی دکانوں کا سامان اس کی ایک لپیٹ میں سما جائے۔

سوال نمبر4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیئے، مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔

1+9=10

(الف) نواب محسن الملک ـــ (ب) ایک سفر نامہ جو کہیں کا بھی نہیں ہے

سوال نمبر5۔ جوش ملیح آبادی کی نظم ـ" سراغ راہرو" کا خلاصہ تحریر کیجئے

5

سوال نمبر6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجئے

20

(الف)دہشت گردی ـــ (ب) تعلیم نسواں ـــ (ج) حب الوطنی

سوال نمبر7۔ اپنے دوست کے والد کی وفات پر تعزیت کا خط لکھیئے 10